لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ ذیقعدہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۰ اگست ۱۹۱۶ء	جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت رسید قرضہ خزانچیان ۔	۱
۲	رخصت انجنیئر صاحب برقی روشنی	
۳	عطائے الاؤنس بہ ڈاکٹر لکشمی گنگا دہر بانو	۲
۴	استقلال تنخواہ بصیغہ مال و اضافہ تاریخ سید احمد صاحب شاہ آباد	"
۵	رخصت ہاسپیٹل اسسٹنٹ شفاخانہ ۔	"
۶	تقرر معہ اضافہ وحید الحسن محرر محافظ خانہ صدر	"
۷	اضافہ سب انسپکٹر پولیس	"
۸	رخصت نائب تحصیلدار صاحب حضور تحصیل	"
۹	اضافہ محمود احمد خاں اہلمد	"
۱۰	نقشہ جات پیشی و برخاستگی اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایوں بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۳ اگست ۱۹۱۶ء

نمبر ۱ عرضداشت خزانچی صاحبان سرکار باستدعائے صدور حکم نسبت ملنے رقم قرضہ خود ذمگی ملازمان باخذ رسید نامبردگان ۔

قرضہ خزانچیان سرکار کی بابت احکام موجود ہیں اُسکے خلاف کسی ترمیم کی ضرورت نہیں ہے خزانچی صاحبان جو قرضہ بپابندی حکم دیا کریں انکی رسید حسب ضرورت خود دیدیا کریں یا قبض الوصول پر دستخط کرا لیا کریں احکام جاری ہوں ۔

[illegible]

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۵؍ اگست ۱۹۱۷ء

حسب استدعائے صاحب ہوم سکرٹری بہادر مسٹر ڈی۔ این ملک انجینیر برقی روشنی کی رخصت مزید تعدادی اُنیس ۱۹ یوم منظور ہوئی موافق احکام گذشتہ ان اُنیس یوم کی بابت مسٹر ماجد علیخاں اسسٹنٹ انجینیر روشنی برقی کو بجائے پچاس روپیہ ماہوار الاؤنس ملیگا

الاؤنس

۱۵؍ اگست ۱۹۱۷ء

حسب استدعائے صاحب ہوم سکرٹری بہادر۔ ڈاکٹر لچھمن گنگا دھر ناتو کو تیس روپیہ ماہوار الاؤنس من ابتدائے ۱۹؍ فروری ۱۹۱۷ء مد شفاخانجات سے منظور فرمایا گیا جب تک وہ شفاخانجات میں رہینگے یہ الاؤنس بدستور پاتے رہینگے۔

اضافہ

۲۳؍ اگست ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ ریونیو سکرٹری صاحب بہادر منشی مظہر قیوم نائب تحصیلدار تحصیل شاہ آباد کی تنخواہ صیغہ مال میں مستقل فرمائی گئی اور موجودہ مشاہرہ پینتیس روپیہ ماہوار میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ ہوکر تنخواہ چالیس روپیہ ماہوار قائم فرمائی گئی منجملہ چالیس روپیہ کے سترہ روپیہ ماہوار تا ادائے زر قرضہ سرکاری ڈگری مظہر قیوم وضع ہوکر ماہ بماہ سرکار میں سیاہہ ہونگے باقی تیئیس روپیہ ماہوار منشی مظہر قیوم کو ملا کرینگے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

رخصت

۱۹؍ اگست ۱۹۱۷ء

حسب تحریر انچارج اسسٹنٹ سرجن صاحب رخصت رعایتی دو ہفتہ خواجہ رشید الدین اسپیشل اسسٹنٹ شفاخانہ ملک منظور ہوئی برائے دو ہفتہ مکند رام میٹو ڈاکٹر صدر شفاخانہ بجائے مشارٌالیہ کام کرینگے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

تقرر

۱۴؍ اگست ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر و سفارش حاکم صاحب صدر وحید الحسن محرر محافظ خانہ صدر مشاہرہ دار دس روپیہ باضافہ پانچ روپیہ بجائے عبد العلیم خاں اہلمد متوفی کے مقرر کیے گئے۔

اضافہ

۲۱؍ اگست ۱۹۱۷ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بسلسلہ بچت تنخواہ سید شوکت حسین اسسٹنٹ انسپکٹر سابق حیدر علیخاں اسسٹنٹ انسپکٹر مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار کا یکم ستمبر سنہ حال سے دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

رخصت

۲۶؍ اگست ۱۹۱۷ء

حسب تصدیق تحصیلدار صاحب حضور تحصیل رخصت مزید ایک ہفتہ منشی امتیاز علیخاں نائب تحصیلدار کی منظور ہوئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب اسٹیٹ انجینیر بہادر

اضافہ

۱۹؍ اگست ۱۹۱۷ء

حسب مثل درخواست منشی محمود احمد خاں اہلمد اجلاس کی تنخواہ میں بوجہ حسن انجام خدمات چار روپیہ ماہوار اضافہ یکم جولائی سنہ حال سے منظور ہوا۔

مطبوعہ پریس ریاست رامپور

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۱۷ لغایت ۲۳ اگست ۱۹۱۶ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد آج کی	از یکم جون	تعداد آج کی	از یکم جون	تعداد آج کی	از یکم جون	تعداد آج کی	از یکم جون	تعداد آج کی	از یکم جون	تعداد آج کی	از یکم جون
۱۷ اگست ۱۹۱۶ء یوم جمعہ	۰	۱۲۲	۰	۱۹۱	۰	۲۵۸	۰	۱۵۲	۰	۱۳۰	۰	۱۲
۱۸ " " شنبہ	۰	۱۲۲	۰	۱۹۱	۰	۲۵۸	۵	۱۵۷	۰	۱۳۰	۰	۱، ۱
۱۹ " " یکشنبہ	۲	۱۲۴	۲	۱۹۳	۰	۲۵۸	۰	۱۵۷	۰	۱۳۰	۴	۲۵
۲۰ " " دوشنبہ	۰	۱۲۴	۱۴	۱۷۷	۲	۲۶۰	۱۰	۱۶۷	۰	۱۳۰	۵	۱۳۰
۲۱ " " سہ شنبہ	۰	۱۲۴	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۲۶۰	۰	۱۶۷	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۳۰
۲۲ " " چہار شنبہ	۳۲	۱۵۶	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا
۲۳ " " پنجشنبہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۰ لغایت ۲۶ اگست ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ سیر	۰	۹۰ سیر	۱۰ سیر	۹ سیر، ۱۰ سیر	۰	شاہ آباد و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۲ سیر	۰	۱۲۰ سیر	۱۳ سیر	۱۵ سیر	۰	
نخود کسرامیز	۱۴ سیر	۰	۵۰ سیر	۱۵ سیر	۱۶ سیر	۰	
کسیر	۱۷ سیر	۰	۱۵۰ سیر	۱۶ سیر	۱۷ سیر	۰	
[illegible]	۸ سیر	۰	۹ سیر	۷ سیر	۸ سیر	۰	
مونگ	۹ سیر	۰	۸ سیر	۰	۷ سیر	۰	
مکا	۱۲ سیر	۰	۱۲ سیر	۱۹ سیر	۱۴ سیر	۰	
چنی ولائتی	۱۹ سیر	۰	۱۴ سیر	۸ سیر	۲۰ سیر	۰	
گوجی	۰	۰	۱۲ سیر	۰	۱۳ سیر	۰	
عدس	۹ سیر	۰	۱۰ سیر	۰	۱۱ سیر	۰	
ارہر	۱۳ سیر	۰	۱۵ سیر	۰	۱۵ سیر	۰	
برنج	۶ سیر	۰	انجوا ـ جیتی ۷ سیر ۶ سیر	۶½ سیر	۶ سیر	۰	
روغن زرد	۰۱ سیر	۰	۰۱۱ سیر	۰۱ سیر	۰۱ سیر	۰	
روغن سیاہ	۲ سیر	۰	۲ سیر	۲½ سیر	۲½ سیر	۰	
روغن کنجد	۱ سیر	۰	۱ سیر	۰	۱ سیر	۰	
نمک سانبھر	۱۰ سیر	۰	۱۲ سیر	۱۱ سیر	۱۲ سیر	۰	
نمک لاہوری	۹ سیر	۰	۸ سیر	۸ سیر	۱۰ سیر	۰	
قند سیاہ	۳ سیر	۰	۳ سیر	۳ سیر	۳ سیر	۰	
باجرہ	[illegible]	۰	۰	۰	۹ سیر	۰	